تبصرہ کتب



قاضی محمد اسلم صاحب سیف

نام کتاب :- احسن الاخلاق حصہ دوم
مصنف :- مولانا حکیم محمد ابراہیم صاحب
ملنے کا پتہ :- حکیم محمد ابراہیم صاحب طارق کالونی بھانہ بازار ماموں کانجن فیصل آباد
صفحات :- ۲۱۱ ر بڑا سائز
قیمت :- بیس ۲۰/ روپے

مولانا حکیم محمد ابراہیم فاضل عربی ریٹائرڈ عربی ٹیچر جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن کے اولین فرزندان گرامی قدر میں سے ہیں۔ کم گو خاموش طبع تنہائی پسند طبیعت کے مالک ہیں۔ مطالعۂ کتب کا ذوق ان کا پرانا مرض ہے۔ علاج معالجہ اور طبابت میں بھی ان کو کافی مہارت حاصل ہے احسن الاخلاق کے نام سے اُن کی مایۂ ناز تالیف دو جلدوں میں شائع ہو چکی ہے۔ پہلا حصہ اگرچہ خاصہ متنازعہ فیہ اور مختلف فیہ حیثیت رکھتا ہے اس پر کسی دوسری مجلس میں تفصیلی قلم اٹھایا جائے گا۔ احسن الاخلاق کا حصہ دوم ہمارے پیش نگاہ ہے۔

اخلاق کو انسانی عروج وزوال ترقی وادبار میں بنیادی پتھر کی حیثیت حاصل ہے قرآن کریم اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حسن اخلاق بہترین تلقین فرمائی ہے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا مقصد تکمیل مکارم اخلاق ہی گردانا گیا ہے موجودہ پر آشوب حالات میں بد اخلاقی کے سنگین واقعات کا تقاضا ہے کہ قرآنی تعلیمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت وکردار کے بیل وبہار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تابعین رضی اللہ عنہم، آئمہ دین محدثین، اولیاء اللہ عظیم اسلاف اور علمائے راسخین کی سیرت کے اخلاقی واقعات مشاہدات کو خوبصورت انداز میں مرتب کر کے بے راہ رو معاشرے کی اصلاحی تحریک کا آغاز کیا جائے چنانچہ مولانا حکیم محمد ابراہیم صاحب نے ان ہی مقاصد کو پیش نگاہ رکھتے ہوئے۔ کتاب وسنت